# لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

علیم ناصری

کسی کو قادرِ کل کے نظامِ قدرت میں　　کچھ اختیار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

وہ کارسازِ خلائق ہے اور کوئی اس کا　　شریکِ کار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

محاسن اور شمائل اسی کے ہیں جن کا　　کوئی شمار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

وہ یاور اور مددگارِ کائنات ہے خود　　یہ اس پہ بار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہ کارگاہِ خلائق رواں دواں ہے مدام　　اسے قرار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نجوم و مہر و مہ و آسماں ہیں اس کے مطیع　　یہ بے مہار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

پسر کسی کا نہیں وہ ، نہ کوئی اس کا پسر　　عیال دار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نجات پائے نہ توبہ سے بھی کوئی ایسا　　گناہ گار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

سوائے اس کے جھکے سر یہ غیر کے آگے　　مرا شعار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ